حالت احرام میں چشمہ لگانا اور دعا کے بعد منہ پر ہاتھ پھیرنا کیسا؟

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

فتوی نمبر: FAM-651

تاریخ اجراء: 28رجب المرجب1446ھ /29جنوری2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ کیا احرام کی حالت میں چشمہ پہن سکتے ہیں؟ نیز کیا دعا کے بعد ہاتھ منہ پر پھیر سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

چشمہ چاہے نظر کا ہو، یا دھوپ سے بچنے کے لیے ہو، بہر حال احرام کی حالت میں چشمہ پہن سکتے ہیں کہ چشمے سے مقصد چہرہ چھپانا نہیں ہوتا۔ اسی طرح احرام کی حالت میں دعا کے بعد منہ پر ہاتھ بھی پھیر سکتے ہیں، اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے کہ چہرے پر بغیر کسی کپڑے کے ہاتھ رکھنے یا پھیرنے کو عرف وعادت میں چہرہ چھپانا یا ڈھانپنا نہیں کہا جاتا۔ البتہ داڑھی ہونے کی صورت میں ہاتھ پھیرنے پر بالوں کے ٹوٹنے کا اندیشہ ہے، لہذا احرام کی حالت میں اس احتیاط کے ساتھ چہرے پر ہاتھ پھیرا جائے کہ کوئی بال نہ ٹوٹے۔

در مختار میں ہے: ”ولا بأس بتغطية أذنيه وقفاه ووضع يديه على أنفه بلا ثوب“ ترجمہ: اور (حالت احرام میں) اپنے کانوں اور اپنی گدی کو ڈھانپنے اور اپنے ہاتھ کو ناک پر بغیر کپڑے کے رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ (در مختار، جلد 3، باب الجنايات، صفحہ 659، دار المعرفة، بیروت)

مباحاتِ احرام یعنی احرام میں جائز امور کے متعلق لباب المناسک اور اس کی شرح میں ہے: ”(ووضع يده أو يد غيره على رأسه أو أنفه) أى بالاتفاق لانه لا يسمى لابسا للرأس ولا مغطيا للأنف“ ترجمہ: اور اپنا یا دوسرے کا ہاتھ اپنے سر یا ناک پر رکھنا بالاتفاق جائز ہے کیونکہ اس کو سر ڈھانپنا نہیں کہا جاتا اور نہ ہی یہ ناک کو ڈھانپنا کہلاتا ہے۔ (لباب المناسک مع شرحہ، فصل فی مباحاتہ، صفحہ 136، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

رفیق الحرمین میں ایک سوال کے جواب میں ہے:”(محرم دُعامانگنے کے بعد اپنے ہاتھ مُنہ پر) پھیر سکتا ہے، منہ پر ہاتھ رکھنے کی مُطلَقًا اجازت ہے، (البتہ) داڑھی والا اسلامی بھائی منہ پر بعدِ دُعا بلکہ وُضو میں بھی اِس انداز میں (چہرے پر) ہاتھ مَلنے سے بچے جس سے بال گرنے کا اندیشہ ہو۔(رفیق الحرمین، صفحہ310، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net